**PRESS RELEASE**

For immediate release

February 8, 2021

ایس ای سی پی بزنس سینٹر میں کمپنیوں کی رجسٹریشن میں **24%** اضافہ

اسلام آباد (فروری 8) سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (ایس ای سی پی) کے حال ہی میں قائم کئے گئے بزنس سینٹر میں کمپنیوں کی رجسٹریشن میں 24% اضافہ ہوا ہے۔ اسلام آباد میں قائم بزنس سینٹر میں جنوری کے مہینے میں 837 کمپنیاں رجسٹر ہوئیں جو کہ گزشتہ سال کی اسی مدت کے مقابلے میں 24 فیصد زائد ہیں۔ بزنس سینٹر کا قیام ایس ای سی پی کی جانب سے کاروباری آسانیوں کے لئے کی جانے والی اصلاحات کا تسلسل ہے۔
تاہم مجموعی طور پر ایس ای سی پی نے جنوری 2021 میں ملک بھر میں **2,101** نئی کمپنیاں رجسٹر کیں جو کہ گزشتہ مالی سال کی اسی مدت کے مقابلہ میں 10 فی صد زائد ہیں۔ جنوری میں رجسٹر ہونے والی کمپنیوں میں 98 فیصد کمپنیاں آن لائن رجسٹر ہوئیں جبکہ 30 فیصد کمپنیوں کی رجسٹریشن ایک ہی دن میں مکمل ہوئی۔

جنوری میں رجسٹر ہونے والی کمپنیوں میں 69 فیصد صد کمپنیاں پرائیویٹ لمیٹڈ، 28 فی صد سنگل ممبر جبکہ 3 فیصد پبلک ان لسٹڈ، غیر منافع بخش ایسوسی ایشن، غیر ملکی کمپنیاں اور لمیٹڈ لائیبلیٹی پارٹنرشپ (ایل ایل پی) شامل ہیں۔ اس ماہ 66 غیر ملکی سرمایہ کاروں نے ای سروسز کے ذریعے بیرون ملک سے کمپنیاں رجسٹرڈ کروائیں۔

اس ماہ سب سے زیادہ کمپنیاں تجارت کے شعبے میں رجسٹرڈ ہوئیں جن کی تعداد 314 ہے، انفرمیشن ٹیکنالوجی میں 269، تعمیرات میں 227، سروسز اینڈ الائیڈ میں 188، ای کامرس میں 79، جبکہ بقیہ 1124 کمپنیاں دیگر شعبوں میں رجسٹر ہوئیں۔ علاوہ ازیں، 44 نئی کمپنیوں میں غیر ملکی سرمایہ کاری ہوئی۔ ان کمپنیوں کے سرمایہ کاروں کا تعلق ، چین، ملائیشیا، سویڈن، جنوبی افریقہ، ناروے، نیدرلینڈ، ترکی، برطانیہ اور امریکہ سے ہے۔

سب سے زیادہ کمپنیاں اسلام آباد بزنس سینٹر میں رجسٹرڈ ہوئی جن کی تعداد 837 ہے اس کے بعد بالترتیب لاہور اور کراچی میں 623 اور 319 کمپنیاں رجسٹرڈ کی گئیں ۔ ایس ای سی پی کے کمپنی رجسٹریشن آفس پشاور ، ملتان ، فیصل آباد ، گلگت بلتستان ، کوئٹہ اور سکھر میں بالترتیب 22,53,56,122 اور 13 کمپنیاں رجسٹرڈ ہوئیں۔

Securities and Exchange Commission of Pakistan
NICL Building, 63 Jinnah Avenue, Islamabad
Tel: 051-9214005